21.1.1۔ ترقی کیا ہے؟

جب ایک سماج اپنی ترقی کے معین مقاصد تک پہنچنے کے لئے مستقل جدوجہد کرتا ہے تو اس سلسلے میں سماج میں پیدا ہونے والی معیاری تبدیلیوں کو ترقی کہا جاتا ہے۔ فطری طور پر ایک ملک/سماج کی ترقی کی پیائش معاشی عوامل کی اصطلاح میں کی جاتی ہے تو اسے معاشی ترقی کہا جاتا ہے۔

خام گھریلو پیداوار، قومی آمدنی، فی کس آمدنی وغیرہ معاشی ترقی کے پیمانہ جات ہیں۔

21.1.2۔ خام گھریلو پیداوار (GDP):

ایک سال کی مدت میں ملک میں پیدا کی جانے والی مکمل اشیاء اور خدمات کی جملہ قدر کو خام گھریلو پیداوار کہتے ہیں۔

21.1.3 قومی آمدنی:

ایک سال میں ایک ملک کے تمام افراد کی جملہ آمدنی کو قومی آمدنی کہا جاتا ہے۔

21.1.4- فی کس آمدنی:

فی کس آمدنی ایک ملک کی قومی آمدنی کا اوسط ہے جو اس کی جملہ آمدنی سے تقسیم کر کے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

سرگرمی:

(1) ہندوستان کی GDP، قومی آمدنی اور فی کس آمدنی معلوم کرو۔

21.2- سماجی ترقی:

معاشی ترقی بحیثیت مجموعی ایک ملک کے نظام کی معاشی اصطلاح میں ترقی کی سطح کو شمار کرتی ہے۔ یہ اس ملک کی عوام کی ترقی کی ٹھیک پیائش نہیں کر سکتی۔ سماجی ترقی ایک نظام میں ترقی کی پیائش، عوامی روزگار، سماجی انصاف، صنعتی مساوات، وسائل کی تقسیم وغیرہ کی اصطلاح کی جاتی ہے۔ یعنی سماجی ترقی اسی وقت ہو سکتی ہے جب کہ معاشی ترقی کے نتائج کو تمام افراد میں مساوی طور پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ گو کہ معاشی و سماجی ترقی دو علیحدہ چیزیں ہیں دونوں کا ایک دوسرے سے گہرا تعلق پایا جاتا ہے۔

یہ اشاریہ تاہم یہ طئے نہیں کرتا کہ کیا ترقی کے ثمرات سماج کے تمام طبقات تک پہنچ رہے ہیں۔ لہٰذا عوام کی مجموعی ترقی کی پیائش کے لئے انسانی ترقی کا تصور ابھرا۔

سرگرمی:

(1) کیا ہندوستان میں سماجی و معاشی ترقی ایک ساتھ ہوتی ہے؟